| | |
|---|---|
| NHS Greater Glasgow and Clyde | معلومات برائے<br>**کارڈیک سی ٹی اسکین کروانا**<br>(Information about Having a Cardiac CT Scan - Urdu) |

یہ کتابچہ کارڈیک (دل) سی ٹی اسکین کروانے کے بارے میں آپ کے سوالات کا جواب دے گا۔ یہ فوائد، خطرات اور متبادلات، ساتھ ہی اسپتال آنے پر آپ کیا توقع کرسکتے ہیں اس کے بارے میں وضاحت کرتا ہے۔ اگر آپ کے مزید کوئی سوالات ہیں تو، براہ کرم ڈاکٹر یا ایکسرے کے ڈپارٹمنٹ میں عملے کے دیگر رکن سے بات کریں۔

**کارڈیک سی ٹی اسکین کیا ہے؟**
سی ٹی کا مطلب کمپیوٹرائزڈ ٹوموگرافی ہے۔ سی ٹی اسکین ایکسریز کا استعمال کرتے ہوئے آپ کے جسم کی ایک سلسلہ وار تصاویر لیتا ہے۔ کارڈیک سی ٹی اسکین آپ کے دل کو دیکھنے کے لیے ایک خصوصی اسکین ہے۔ جیسے کہ کیمرے سے کسی متحرک چیز کی تصویر لینے کا نتیجہ ایک دھندلی تصویر میں نکلتا ہے، اسی طرح دل کے روایتی سی ٹی اسکینز مددگار نہیں ہیں کیونکہ دل لگاتار حرکت کرتا رہتا ہے۔

کارڈیک سی ٹی اسکین کو **سی ٹی کورونری انجیوگرافی** بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں ایک ملٹی سلائس (کئی ٹکڑوں میں تقسیم) سی ٹی اسکینر کا استعمال درج ذیل کے اعلی کوالٹی والی، تین ابعادی تصویریں حاصل کرنے کے لیے کیا جاتا ہے

- کورونری شریانیں – رگیں جو خون کو دل تک لاتی ہیں
- متحرک دل
- بڑی شریانیں – دل سے اور دل تک خون کو لے جانے والی بڑی رگیں۔

اسکین یہ معلومات فراہم کرتا ہے کہ دل اور اس کے عضلات کتنی اچھی طرح سے کام کررہے ہیں۔ ریڈیولوجسٹ (ایسا ڈاکٹر جو بیماریوں کی تشخیص اور علاج کرنے کے لیے ایکسریز کا استعمال کرتا ہے) تصاویر کا جائزہ لے گا اور رپورٹ دے گا۔

**کیا سی ٹی اسکین سے پہلے مجھے کوئی خاص تیاری کرنے کی ضرورت ہے؟**
آپ کو کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**اگر مجھے ذیابیطس ہے اور میں گولیاں یا دوا لیتا/لیتی ہوں تو کیا مجھے انہیں بند کر دینا چاہیے؟**
نہیں۔ اگر آپ نسخہ والی دوا لے رہے/رہی ہیں تو آپ کو اسے معمول کے مطابق لینا جاری رکھنا چاہیے۔

**کیا کوئی ایسی چیز ہے جو مجھے اپنے اسکین سے قبل عملہ کو بتانی چاہیے؟**
اگر آپ سمجھتی ہیں کہ آپ حمل سے ہو سکتی ہیں تو برائے مہربانی ہمیں بتائیں۔

تمام صورتوں میں، ہمیں بتائیں کہ آیا آپ کو دمہ ہے، کوئی الرجی ہے، یا ماضی میں کسی ایکسرے یا اسکین کے لیے انجیکشن کے ضمن میں آپ کو کوئی پریشانی پیش آئی ہے۔

**میں کیا پہنوں گا/گی؟**
جسم کے جس حصے کی جانچ ہونی ہے اس کے لحاظ سے ہم اسکین سے پہلے آپ کو لباس تبدیلی کے کیبن میں بعض لباس اتارنے اور اسپتال کا گاؤن پہننے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ آپ کی آمد پر ہم آپ کو بتادیں گے۔

اگر ممکن ہو تو، آپ ڈھیلے کپڑے پہنیں جس میں کوئی دھاتی بندھن نہ لگے ہوں جیسے کہ زپ، پاپرز اور ہُک اور آئیز۔ اس سے آپ اسپتال کا گاؤن تبدیل کرنے سے بچ سکتے ہیں۔

آپ اپنے ساتھ ڈریسنگ گاؤن لا سکتے/ سکتی ہیں کیونکہ ہم یہ فراہم نہیں کرسکتے۔

**اسکین میں کون سی چیزیں شامل ہوتی ہیں؟**
اسکینر ایک بڑے ڈونٹ کی طرح ہوتا ہے اور کچھ دیگر اسکیننگ مشینوں کے برخلاف سی ٹی اسکینر گھرا ہوا نہیں ہوتا ہے۔ ہمارے تجربہ میں، مریضوں کو سی ٹی اسکین کرواتے وقت محصور ہونے کا خوف محسوس نہیں ہوتا ہے کیونکہ ان کا سر اسکینر سے باہر ہوتا ہے۔

آپ کو صرف اتنا کرنا ہے کہ کاؤچ پر ساکت لیٹنا ہے۔ آپ کے دل کی تصاویر لینے کے لیے کاؤچ کھلے ہوئے بڑے دائرہ نما سوراخ میں دھیرے دھیرے پیچھے اور آگے حرکت کرتا ہے۔

**اسکین کے دوران کیا ہوتا ہے؟**
آپ کے ایکسرے کے ڈپارٹمنٹ میں آنے پر ہم آپ سے آپ کی طبی سرگزشت کی تصدیق کرنے کے لیے اسکین سے پہلے کی ایک مختصرجانچ فہرست مکمل کرنے کے لیے کہیں گے۔ ہم آپ سے لباس تبدیل کرکے اسپتال کا گاؤن پہننے کو کہیں گے۔

ہم آپ کے فشار خون، شرح قلب اور خون میں آکسیجن کی سطح کی پیمائش بھی کریں گے (آپ کی انگلی میں کلپ لگا کر – اس میں درد نہیں ہوتا ہے)۔ ہم آپ کی بازو کی ایک رگ میں ایک چھوٹی سی سوئی (کینولا) داخل کریں گے۔ ہم اس کا استعمال اسکین کے دوران آپ کو دوا دینے کے لیے کرتے ہیں۔

ہم آپ کو بستر پر پوزیشن کرنے میں مدد کریں گے اور آپ کو اپنے سر کے اوپر اپنی بازوؤں کو اٹھانے کے لیے کہیں گے۔ ہم آپ

کی چھاتی پر چار الیکٹروڈز (چھوٹے، چپچپے ڈاٹس) لگائیں گے اور انہیں الیکٹرو کارڈیوگراف (ECG) مشین سے جوڑیں گے۔ یہ آپ کے دل کی برقی سرگرمی کو ریکارڈ کرے گا۔

ہر تصویر لینے کے دوران آپ کو بہت زیادہ ساکت رہنے کی ضرورت ہوگی۔ ہم آپ سے ایک بار میں 10 سے 20 سیکنڈ تک اپنی سانس کو روکنے کے لیے کہیں گے۔ اس سے تصاویر کو دھندلاہٹ سے بچانے میں مدد ملتی ہے۔ آپ کے اسکین سے پہلے ہم اس پر آپ سے بات کریں گے۔

اسکین میں آپ کے دل کی شریانوں کو نمایاں کرنے کے لیے ہم ایک ایکسرے کنٹراسٹ ڈائی کا انجیکشن دیں گے جسے کینولا کے ذریعہ آپ کی بازو میں دیا جائے گا۔ اس سے آپ کو اپنے منہ میں دھاتی ذائقہ اور 'ہاٹ-فلش' محسوس ہوسکتا ہے۔ کچھ لوگوں کو ایسا محسوس ہوسکتا ہے کہ انہوں نے 'بستر پر پیشاب کردیا ہے' (لیکن وہ حقیقت میں ایسا نہیں کرتے)۔ یہ تمام احساسات بالکل نارمل ہیں اور چند منٹوں میں ختم ہوجاتے ہیں۔

**اسکین میں کتنا وقت لگے گا؟**
اس اسکین میں لگ بھگ 20 منٹ کا وقت لگے گا۔ یہ زیادہ تر تیاری کا وقت ہے۔ اسکیننگ کا حقیقی وقت صرف 30 سیکنڈ ہے۔ تاہم آپ کو ڈپارٹمنٹ میں 1 سے 1½ گھنٹے تک رہنے کا منصوبہ رکھنا چاہیے۔ حالانکہ ہم اپنے اپائنٹمنٹ کے اوقات کی پابندی کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں، لیکن ہنگامی حالت والے مریضوں کی وجہ سے تاخیر ہوسکتی ہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو ہم آپ کو بتائیں گے۔

**مجھے کارڈیک سی ٹی اسکین کیوں کرنا چاہیے؟**
کارڈیک سی ٹی اسیکن آپ کے کارڈیولوجسٹ کو آپ کے دل کے مسائل کی وجہ تلاش کرنے اور علاج کے بہترین اختیارات فراہم میں مدد کرسکتا ہے۔ یہ کورونری بیماری کے فروغ پانے کے زیادہ خطرہ والے مریضوں میں مدد گار ہوسکتا ہے، جیسے سگریٹ نوشی کرنے والے، جینیاتی خطرہ والے، زیادہ کولسیٹرول سطحوں والے، زیادہ فشار خون یا ذیابیطس والے افراد اور جنہیں دوسری جانچوں سے غیرواضح نتائج ملے ہوں۔

کارڈیک سی ٹی اسکین ایسے لوگوں میں پیوند کی جانچ میں بھی بہت مددگار ہوتا ہے جنہوں نے دل کی بائی پاس سرجری کروائی ہے۔

**کیا اس کے کوئی متبادلات ہیں؟**
اس کا متبادل روایتی کارڈیک انجیوگرافی ہے۔ یہ ایک ایسا طریق کار ہے جس میں کتھیٹرز (چھوٹی نلیاں) کو آپ کی جانگھ کی شریان سے آپ کے دل کی شریانوں تک ڈالا جاتا ہے۔ یہ ایک چیر پھاڑ والا طریق کار ہے جس میں مقامی بے حسی اور دوا کی ضرورت ہوتی ہے۔

دوسرا اختیار کارڈیک ایم آر آئی اسکین ہے۔

آپ کے ڈاکٹر کو لگتا ہے کہ آپ کے لیے سی ٹی اسکین ایک بہترین اختیار ہے۔ متبادلات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے یا اس معائنہ کے بارے میں اگر آپ کے پاس کوئی سوالات یا تشویشات ہیں تو براہ کرم اپنے ڈاکٹر سے بات کریں۔

**مجھے نتیجہ کب معلوم ہوگا؟**
ہم نتائج اس شخص کے پاس بھیجیں گے جس نے آپ کو جانچ کے لیے ریفر کیا تھا۔ آپ کو بھیجنے والا فرد آپ کو نتیجے سے آگاہ کرنے کے انتظامات کرے گا۔

**کوئی دیگر سوالات؟**
برائے مہربانی امیجنگ ڈپارٹمنٹ میں ٹیم کے کسی فرد سے پوچھیں۔

براہ کرم:

- اپنے ساتھ کوئی قیمتی سامان نہ لائیں
- اگر آپ کو مشورہ کی ضرورت ہو تو ہمیں کال کریں
- اگر آپ اس اپائنٹمنٹ پر نہیں آسکتے ہیں تو براہ کرم جتنی جلدی ممکن ہو ہمیں کال کریں – ہم آپ کے لیے دوسرا اپائنٹمنٹ مقرر کرسکتے ہیں اور آپ کا اپائنٹمٹ دوسرے کو دے سکتے ہیں۔

**مرکز رابطہ کا ٹیلیفون نمبر**
0141 347 8379
www.nhsgg.org.uk

MI • 299131 1.0 ورژن - Urdu

نظرثانی کی تاریخ: اگست 2019